نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

13 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

429/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امدادی کارروائیوں میں معاونت کیلئے مزید امریکی ہیلی کاپٹرز کی پاکستان آمد

اسلام آباد (13 اگست 2010ء)___ امریکی میرین کور کے مزید دو سی ایچ-53ای سپر اسٹالین ہیلی کاپٹرز اور امریکی بحریہ کا ایک ایم ایچ53-ای سی ڈریگن ہیلی کاپٹر سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں میں معاونت کیلئے آج پاکستان پہنچ گیا ہے۔

یہ تین طیارے ان 19 ہیلی کاپٹرز کا حصہ ہیں جنہیں بدھ کے روز امریکی وزیر دفاع رابرٹ گیٹس نے فوری طور پر پاکستان بھیجنے کا حکم دیا تھا۔ یہ طیارے بحیرۂ عرب کے بین الاقوامی پانیوں میں صف آرا ایوا ایس ایس پیلیلیو سے پرواز کر کے پاکستان پہنچے۔ یہ تین ہیلی کاپٹرز گزشتہ روز غازی ایئربیس پہنچنے والے دوسرے دو سی ایچ-53ای ہیلی کاپٹروں کے ساتھ شامل ہو جائیں گے، جس کے بعد یو ایس ایس پیلیلیو سے اب تک پاکستان آنے والے طیاروں کی تعداد پانچ ہو جائے گی۔

باقی طیارے آئندہ چند روز میں آئیں گے، جن میں امریکی بحریہ کے مزید دو ایم ایچ53-ای سی ڈریگن ہیلی کاپٹرز اور 12 سی ایچ-46ای سی نائٹ ہیلی کاپٹرز شامل ہیں۔ یہ امریکی ہیلی کاپٹرز پاک فوج کے اشتراک سے ملک کے تمام سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں سرانجام دیں گے۔

ان چھ امریکی ہیلی کاپٹروں نے خراب موسم کے باوجود 5 اگست سے لے کر اب تک 3,089 افراد کو محفوظ مقامات تک پہنچایا اور 322,340 پاؤنڈ وزنی ہنگامی امداد پر مبنی اشیاء متاثرہ علاقوں میں پہنچائیں۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ
رمنا-5، اسلام آباد
فون: 2082000
E-mail: infoisb@state.gov

لاہور
50 ایمپریس روڈ
فون: 6034000
E-mail: irclahore@state.gov

کراچی
کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ
فون: 5204200
E-mail: irckhi@state.gov

پشاور
11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ
فون: 5268800